100

30

نام:
ولدیت:
مضمون: خلاصۃ النحو (سبق نمبر 6 سے 11 تک)
تاریخ:
دستخط والد صاحب:

سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (ہر سوال کا حل مطلوب ہے) (ہر ایک کے 3 نمبر ہیں)

① جو نکرہ دوسرے نکرہ کی طرف مضاف ہو اسے کیا کہتے ہیں۔
i) معرفہ ii) نکرہ iii) نکرہ مخصوصہ iv) مضاف

② جو نکرہ معرفہ کی طرف مضاف ہو وہ کیا بن جاتا ہے۔
i) معرفہ ii) نکرہ iii) نکرہ مخصوصہ iv) مضاف

③ صفت اگر مفرد ہو تو کتنی چیزوں میں اس کا موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے۔
i) دو ii) پانچ iii) آٹھ iv) دس

④ مرکب بنائی اور مرکب مزجی کس کی قسمیں ہیں۔
i) مرکب تام ii) مرکب ناقص iii) اسم iv) فعل

⑤ فاعل اور نائب فاعل دونوں ہمیشہ کیا ہوتے ہیں۔
i) مرفوع ii) منصوب iii) مجرور iv) مجزوم

⑥ مبتدا اور خبر دونوں ہمیشہ کیا ہوتے ہیں۔
i) مرفوع ii) منصوب iii) مجرور iv) مجزوم

⑦ جملہ اسمیہ کے پہلے جزء کو کیا کہتے ہیں۔
i) مبتدا ii) مسند iii) مسند الیہ iv) پہلا اور تیسرا آپشن

⑧ جملہ انشائیہ کے علاوہ ہر جملہ کیا ہوتا ہے۔
i) انشائیہ ii) اسمیہ iii) خبریہ iv) فعلیہ

CS CamScanner

(9) وہ جملہ جس میں کوئی آرزو کی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں۔

i) دعا　ii) تمنّی　iii) ترجّی　iv) قسم

(10) حروفِ جارہ کتنے ہیں۔

i) 5　ii) 10　iii) 15　iv) 17

---

سوال نمبر ② : مختصر سوالات (تمام سوالات کا حل مطلوب ہے ہر ایک کے 5 نمبر ہیں)　40

① مرکبِ اضافی کی تعریف مثال کے ساتھ، تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا نون کس صورت میں گر جاتا ہے نیز مضاف اور مضاف الیہ کا اعراب کیا ہوتا ہے دونوں کی مثالیں بھی لکھیں۔

② مرکبِ توصیفی کی تعریف مثال کے ساتھ، مرکب بنائی اور مرکبِ منع صرف کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیں۔ نیز یہ بتائیں کہ مرکبِ بنائی اور مرکب منع صرف کو اور کیا کہتے ہیں۔

③ صفت اگر مفرد ہو تو کتنی چیزوں میں موصوف کے مطابق ہونا ضروری ہے نیز اگر صفت، جملہ ہو تو اس میں کس چیز کا ہونا ضروری ہے مثال کے ساتھ لکھیں۔

④ موصوف اگر مذکر عاقل کی، غیر عاقل یا مؤنث عاقل کی جمع مکسر ہو تو اس کی صفت کیسے آتی ہے مثال کے ساتھ لکھیں۔ نیز مضاف پر کونسی چیز نہیں آسکتی مثال دیں۔

⑤ جملہ فعلیہ، فاعل اور نائب فاعل کسے کہتے ہیں مثال کے ساتھ لکھیں اور ان دونوں کا اعراب کیا ہوتا ہے۔

⑥ کن صورتوں میں فعل کو مذکر و مؤنث لاسکتے ہیں، کیا فاعل اور مفعول فعل سے پہلے آسکتے ہیں مثال دیں۔

⑦ جملہ اسمیہ، مبتدا اور خبر کسے کہتے ہیں مثال دیں اور ان کا اعراب کیا ہوتا ہے۔

⑧ خبر مفرد، جملہ یا جار مجرور ہوں تو اس کے کیا احکام ہیں تمام مثالوں کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر ③ طویل سوالات (تمام سوالات کا حل مطلوب ہے ہر ایک کے 10 نمبر ہیں۔)　30

① جملہ خبریہ و انشائیہ کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیں، جملہ انشائیہ کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں تعریفات اور مثالیں لکھیں نیز یہ بتائیں کہ جملہ خبریہ و جملہ انشائیہ کو اور کیا کہتے ہیں۔

② مبتدا غیر عاقل کی یا مؤنث عاقل کی یا مذکر عاقل کی جمع مکسر ہو تو اس کی خبر کس کس طرح آسکتی ہے مثال دیں۔

③ حروفِ جارہ کسے کہتے ہیں اور یہ کتنے اور کون کونسے ہیں، جار مجرور کسے کہتے ہیں، جار مجرور ہمیشہ کس کے متعلق ہوتے ہیں۔ نیز ظرفِ لغو اور ظرفِ مستقر کسے کہتے ہیں مثال کے ساتھ لکھیں۔

CS CamScanner